

# یہ کیسا بادشاہ

## گیت کی کتاب

*yih kaisā bādshāh. gīt kī kitāb*

What Kind of a King is This. Song Book

(Urdu—Persian script)

© 2022 Chashma Media.
The copyright of each song lies exclusively with
the holder as mentioned after each song

*published and printed by*
Good Word Communication Services Pvt. Ltd.
New Delhi, INDIA

*for enquiries or to request more copies:*
askandanswer786@gmail.com

# فہرستِ مضامین


یہ کیسا بادشاہ ہے .......... 1
عبادت کرو! .............. 4
دولت مانگوں نہ شہرت ..... 7
خدا ہماری پناہ ہے ......... 10
اے محبّت تُو اُتر آیا ........ 13
آیا مسیح! ................. 16
آئے گا میرا مسیح! .......... 19
ہر گھڑی ................. 21
ایک ایسا فوارہ .......... 24
جب دیکھوں وہ سُنہرا کروس ... 27
یشوع نام .............. 29
مُبارک ................ 32
برسا ................... 35
میری ہر سانس .......... 38
وہ قبر سے جی اُٹھا ......... 39
تعریف کروں ............ 42
بڑھتے چلو .............. 44
پرارتھنا سن لے .......... 47
ستُتی کروں ............. 51

# یہ کیسا بادشاہ ہے

1 ||: یہ کیسا بادشاہ ہے، یہ کیسا مسیح ہے، :||

||: جس کی کوئی فوج نہیں ہے، نہ ہی تلوار ہے :||

پھر بھی جس کے اشارے پہ ...

پھر بھی جس کے اشارے پہ طوفان تھم گئے

پھر بھی جس کے اشارے پہ شیطان ڈر گئے

||: یشوع مسیح خدا ہے اُس کا نام سب سے اعلیٰ ہے :||

2 ||: یہ کیسا بادشاہ ہے، یہ کیسا مسیح ہے :||

||: جس کا کوئی تاج نہیں ہے، نہ ہی کوئی تخت ہے :||

خدا کے برابر ہو کر بھی ...

خدا کے برابر ہو کر بھی، خود کو خالی کر دیا

خدا کے برابر ہو کر بھی سولی گوارا کیا

||: یشوع مسیح خدا ہے اُس کا نام سب سے اعلیٰ ہے :||

||: اعلیٰ ہے، اعلیٰ ہے،
اُس کا نام سب سے اعلیٰ ہے :||
یشوع مسیح خدا ہے، اُس کا نام سب سے اعلیٰ ہے

3 ||: یہ کیسا بادشاہ ہے، یہ کیسا مسیح ہے، :||

||: جو جنگ جیتنے نہیں آیا، نہ تخت پلٹنے کو آیا :||

خدا کی ہر مرضی کو ...

خدا کی ہر مرضی کو وہ پورا کرنے آیا ہے

سولی پہ خود مر کے مجھ کو موت سے بچایا ہے

قبر سے جی اُٹھ کے وہ موت کو ہرایا ہے

||: یشوع مسیح خدا ہے اُس کا نام سب سے اعلیٰ ہے :||

||: اُس کے آگے ہر گھٹنا ٹکے ہر زبان اقرار کرے :||
||: یشوع مسیح خدا ہے اُس کا نام سب سے اعلیٰ ہے :||

||: اعلیٰ ہے، اعلیٰ ہے،
اُس کا نام سب سے اعلیٰ ہے :||
یشوع مسیح خدا ہے، اُس کا نام سب سے اعلیٰ ہے

© Viju Bhai Hyderabadi

# عبادت کرو!

‖: عبادت کرو، عبادت کرو
میرے مسیح کی عبادت کرو :‖

1 ‖: سارے جہاں کو اُس نے بنایا
سارا جہاں اُس کے لئے ہی بنا تھا :‖
فرشتے بھی اُس کی عبادت ہیں کرتے
سارے جہاں کا وہی ایک خدا ہے

‖: عبادت کرو، عبادت کرو
میرے مسیح کی عبادت کرو :‖

2 ||: آنکھوں سے اُس کے پیار ہیں جھلکیں

رحم ہے دل میں تمہارے لئے :||

سارے جہاں کا گناہ خود پہ لے کر

وہ جو بے گناہ تھا سولی پہ لٹکا

> ||: عبادت کرو، عبادت کرو
>
> میرے مسیح کی عبادت کرو :||

3 ||: میرے گناہ کو خود ہی پہ لے کر

رحم اور کرم سے مجھ کو نوازا :||

دشمن سے مجھ کو بیٹا بنا کر

خدا کے فضل سے مجھ کو سنوارا

> ||: عبادت کرو، عبادت کرو
>
> میرے مسیح کی عبادت کرو :||

Worship the Lamb of God

Worship the King of Kings

For He is worthy

of honor and praise

Worship the Lamb of God

Worship the King of Kings

Give Him all glory

honor and praise

||: عبادت کرو، عبادت کرو

میرے مسیح کی عبادت کرو :||

© Viju Bhai Hyderabadi

# دولت مانگوں نہ شہرت

دولت مانگوں نہ شہرت مانگوں
نہ اِس جہاں کی کوئی چیز مانگوں
‖: صرف تیرے قدموں تلے
تھوڑی سی جگہ مانگوں :‖
دولت مانگوں نہ شہرت مانگوں

1 ‖: دل میں نفرت ہے زبان پہ پیار
یہ تجھے منظور نہیں :‖
‖: دشمن کا بھی دل سے بھلا چاہوں
ایسی فطرت مجھے دے دے مسیح :‖

دولت مانگوں نہ شہرت مانگوں
نہ اِس جہاں کی کوئی چیز مانگوں

2 ||: خود کی بھلائی کی نہیں

اَوروں کی تباہی مَیں نے مانگی :||

||: ایسی دعاؤں کا جواب نہ ملے

تو ہی بہتر ہو گا مسیح :||

دولت مانگوں نہ شہرت مانگوں

نہ اِس جہاں کی کوئی چیز مانگوں

3 ||: سارے جہاں کو جیت کر

مَیں نے خود کو کھو دیا :||

||: شان اور شوکت میری چھین لو

بدلے میں مجھ کو مسیح دے دو :||

دولت مانگوں نہ شہرت مانگوں

نہ اِس جہاں کی کوئی چیز مانگوں

4 ׀׀: کیسے کروں تیرا شکریہ

میرے خدا، میرے مسیح :׀׀

׀׀: خدا کے قہر کو خود پہ لے کر

سارے گناہ میرے معاف کر دیئے :׀׀

دولت مانگوں نہ شہرت مانگوں

نہ اِس جہاں کی کوئی چیز مانگوں

׀׀: صرف تیرے قدموں تلے

تھوڑی سی جگہ مانگوں :׀׀

׀׀: دولت مانگوں نہ شہرت مانگوں :׀׀

© Viju Bhai Hyderabadi

# خدا ہماری پناہ ہے

(start 37:30-41:20 min)

> ‖: خدا ہماری پناہ ہے اور قوّت ہے (قوّت ہے) :‖
>
> ‖: مصیبت میں مستعد وہ مددگار ہے :‖
>
> ‖: خدا ہماری پناہ ہے اور قوّت ہے (قوت ہے) :‖

1 خطرہ خطرہ بہہ گیا

گھر کی دیواریں ڈھہ گئیں

بچے ہمارے مٹ گئے

عزّت ہماری لُٹ گئی

پر ہماری نظریں تجھ ہی پہ ہیں

ہماری نظریں تجھ ہی پہ ہیں

‖: مسیح ہم پہ رحم کر :‖

‖: خدا ہماری پناہ ہے اور قوّت ہے (قوّت ہے) :‖

2 عبادت گھر کو توڑ دیا
دعا کرنے پہ روک لگی
بچے بوڑھوں کو پیٹ دیا
دہشت چاروں اور پھیل گئی
پر ہماری نظریں تجھ ہی پہ ہیں
ہماری نظریں تجھ ہی پہ ہیں
‖: مسیح ہم پہ رحم کر :‖

‖: خدا ہماری پناہ ہے اور قوّت ہے (قوّت ہے) :‖

## 3 تُو ہی میرا آسرا

تجھ سے لگی ہے آس میری
ہر روز آنسو بہتے ہیں
ہر چیز ہماری لُٹ گئی
پر ہماری نظریں تجھ ہی پہ ہیں
ہماری نظریں تجھ ہی پہ ہیں
‖: مسیح ہم پر رحم کر :‖

‖: خدا ہماری پناہ ہے اور قوّت ہے (قوّت ہے) :‖

© Viju Bhai Hyderabadi

# اے محبّت تُو اُتر آیا

‖: اے محبّت تُو اُتر آیا

اے خدا کے فضل تُو اُتر آیا :‖

جب میرا کوئی نہ تھا، تُو میرے لئے آیا

تُو میرے قریب آیا

‖: اے محبّت تُو اُتر آیا

اے خدا کے فضل تُو اُتر آیا :‖

1 تیرے آنے سے مجھے زندگی نے چوما

تیرے آنے سے میرا دل ہے آج جھوما

اندھیرے سے مجھ کو چُھڑا کے

روشنی میں داخل کیا

میرے سارے گناہ کو مٹا کے

## تیرا پیار ظاہر کیا

||: اے محبّت تُو اُتر آیا
اے خدا کے فضل تُو اُتر آیا :||
جب میرا کوئی نہ تھا، تُو میرے لئے آیا
تُو میرے قریب آیا
||: اے محبّت تُو اُتر آیا
اے خدا کے فضل تُو اُتر آیا :||

نفرت سے رہائی مجھے دینے والا ہے تُو
میرے دل کی مُرادیں سننے والا ہے تُو
مَیں جو نفرت کے بس میں تھا
مَیں جو نفرت کے بس میں تھا
آج مسیح کی محبت کے قبضے میں ہوں

||: اے محبّت تُو اُتر آیا

اے خدا کے فضل تُو اُتر آیا :||

جب میرا کوئی نہ تھا، تُو میرے لئے آیا

تُو میرے قریب آیا

||: اے محبّت تُو اُتر آیا

اے خدا کے فضل تُو اُتر آیا :||

© Viju Bhai Hyderabadi

# آیا مسیح!

آیا مسیح مجھ کو بچانے
میرے گناہوں سے چھڑانے
آیا مسیح مجھ کو چھڑانے
مجھ سے مجھ کو ہی بچانے
‖: ہوسعنا ہوسعنا ہوسعنا
ہوسعنا ہوسعنا ہوسعنا :‖
آیا مسیح، آیا مسیح

1 ‖: میرا خدا بے داغ ہے
اُس کا انصاف بھی پاک ہے :‖
ہم انسان گنہگار ہیں
اُس کی سزا کے حق دار ہیں

||: پھر کیوں پھر کیوں وہ مجھ سے پیار کرے

پھر کیوں پھر کیوں میرے گناہ کے لئے وہ مرے :||

آیا مسیح، آیا مسیح، آیا مسیح مجھ کو بچانے

میرے گناہوں سے چھڑانے

آیا مسیح مجھ کو چھڑانے

مجھ سے مجھ کو ہی بچانے

2 ||: کیوں وہ مجھ سے پیار کرے

یہ نہیں مَیں جانتا :||

جانوں تو بس اِتنا جانوں

میرے گناہ کے لئے وہ مرے

جانوں تو بس اِتنا جانوں

جیوں تو بس اُس کے لئے

ہاں وہ، ہاں وہ، میرے گناہ کے لئے ہی مرے

ہاں وہ، ہاں وہ، پھر سے زندہ ہو گئے

ہاں مسیح، ہاں مسیح، میرے گناہ کے لئے ہی مرے

ہاں مسیح، ہاں مسیح، پھر سے زندہ ہو گئے

آیا مسیح، آیا مسیح، آیا مسیح مجھ کو بچانے

میرے گناہوں سے چھڑانے

آیا مسیح مجھ کو چھڑانے

مجھ سے مجھ کو ہی بچانے

‖: ہوسعنا ہوسعنا ہوسعنا

ہوسعنا ہوسعنا ہوسعنا :‖ ×4

© Viju Bhai Hyderabadi

# آئے گا میرا مسیح!

‖: آئے گا میرا مسیح، بادلوں پہ ہو کے سوار
لینے اپنی دُلھن کو، جس کا اُسے انتظار :‖

1 ‖: وہ اوّل ہے اور آخر بھی
زندہ خدا ہے میرا
نام ہے اُس کا کلامِ خدا
کرنا تم بھی انتظار :‖

‖: آئے گا میرا مسیح، بادلوں پہ ہو کے سوار
لینے اپنی دُلھن کو، جس کا اُسے انتظار :‖

2 ||: گناہوں سے کر لو توبہ

ایمان اُس پہ دھرو

الفا بھی وہ اومیگا بھی وہ

یہوداہ کا ببر شیر :||

||: آئے گا میرا مسیح، بادلوں پہ ہو کے سوار

لینے اپنی دُلھن کو، جس کا اُسے انتظار :||

3 ||: نہ آنسو رہیں گے نہ کوئی غم

انصاف سب کا کرے

حضوری میں اُس کی رہیں گے ہم

جہاں خوشیاں ہی خوشیاں رہیں :||

||: آئے گا میرا مسیح، بادلوں پہ ہو کے سوار

لینے اپنی دُلھن کو، جس کا اُسے انتظار :||

© Viju Bhai Hyderabadi

# ہر گھڑی

1 ہر گھڑی میری زبان پہ ہو تیرا ہی نام
ہر گھڑی میرے ذہن میں ہو تیرا کلام
||: تُو بڑھے مَیں گھٹوں
تیرے پیچھے مَیں چلوں :||
تیرے راستوں میں چل کر
تیرے بیٹے جیسا بنوں

||: سُن لے میرے دل کی دعا میرے خدا
کر دے میری ساری خطا اب معاف تُو :||
اپنی حضوری سے مجھ کو بے دخل نہ کر
اور اپنے پاک روح کو
||: مجھ سے الگ نہ کر :|| ×4

2 ہر گھڑی میری نظروں میں ہو تیرا جلال
ہر گھڑی میرے خیالوں میں ہو تیری رحمت
||: تُو بڑھے مَیں گھٹوں
تیرے قدموں میں رہوں :||
تیری مرضی جیسے جنّت میں
ویسے ہی مجھ میں بھی ہو

‖: سُن لے میرے دل کی دعا میرے خدا
کر دے میری ساری خطا اب معاف تُو :‖
اپنی حضوری سے مجھ کو بے دخل نہ کر
اور اپنے پاک روح کو
‖: مجھ سے الگ نہ کر :‖ ×4

© Viju Bhai Hyderabadi

# ایک ایسا فوارہ

1 There is a fountain filled with blood
Drawn from Emmanuel’s veins
And sinners plunged beneath that flood
Lose all their guilty stains
Lose all their guilty stains
Lose all their guilty stains
And sinners plunged beneath that flood
Lose all their guilty stains

2 ایک ایسا فوارہ لہو
کا میرے خدا کا بہے
جس میں جو رنگ لے
اُس کے سارے پاپ دُھل جائیں
سارے پاپ دُھل جائیں

سارے پاپ دُھل جائیں

جس میں جو رنگ لے

اُس کے سارے پاپ دُھل جائیں

3 جو چور مسیح کے ساتھ مرا

اُس دن خوشی سے جھوما

مَیں بھی اُس رنگ میں رنگ لوں آج

مجھ کو بھی کر دے معاف

مجھ کو بھی کر دے معاف

مجھ کو بھی کر دے معاف

مَیں بھی اُس رنگ میں رنگ لوں آج

مجھ کو بھی کر دے معاف

4 جب سے مَیں نے یقین کیا
تیرے پاک لہو پہ مسیح
تیرا کروں مَیں شکریہ
جب تک سانس رہے باقی
جب تک سانس رہے باقی
جب تک سانس رہے باقی
تیرا کروں مَیں شکریہ
جب تک سانس رہے باقی
جب تک سانس رہے باقی
جب تک سانس رہے باقی
تیرا کروں مَیں شکریہ
جب تک سانس رہے باقی

© Viju Bhai Hyderabadi

# جب دیکھوں وہ سُنہرا کروس

1 جب دیکھوں مَیں وہ سنہرا کروس
جس پہ شہنشاہِ نور مرا
میری ساری شہرت بس خاک ہے
نفرت کروں اپنے غرور پہ

2 جانے بھی دو جھوٹی تعریفیں
رحم و کرم سے نجات ملا
سارے جہاں کی خواہشیں
قربان کروں تیرے قدموں تلے

3 دیکھو اُس کے زخمی بدن

غم اور محبّت لہو بن کے بہا

کیا ایسا سنگم کبھی تم نے دیکھا؟

جہاں کانٹوں کا تاج بنے سر کی شان

4 سارے جہاں کی رونقیں

عدنیٰ سا لگے تیری شان میں

بدلے میں تیرے پیار کے

اگر مَیں دوں اپنی جان بھی

||: تیرے کروس کے سائے میں رہنے دے :||

||: تیرے پیار بھرے قدموں تلے :||

آج ہمیں تُو رہنے دے

© Viju Bhai Hyderabadi

# یشوع نام

1 سورج کی ہر کرن میں لکھا ہے تیرا نام
ساگر کی ہر لہر سے گونجے تیرا ہی نام
عنبر سے بھی اونچا تیرا نام، تیرا نام
میٹھے شہد سے بھی میٹھا ہے تیرا نام

تیرا نام، تیرا نام، تیرا نام
سب سے اونچا ہے یشوع نام، یشوع نام
تیرا نام، اونچا نام، یشوع نام
سب سے پیارا ہے یشوع نام

2 ہر کلی کی مہک میں چھپا ہے تیرا پیار
ہر پنچھی کے سُر سے گونجے تیرا ہی پیار
سمندر سے بھی گہرا تیرا پیار
میٹھے اَمرِت سے بھی میٹھا ہے تیرا پیار

تیرا پیار، تیرا پیار، تیرا پیار
سب سے اونچا ہے تیرا پیار، تیرا پیار
تیرا نام، اونچا نام، یشوع نام
سب سے پیارا ہے یشوع نام

3 چمکتے تاروں میں وہ چمک کہاں
چمکتے ہیروں میں وہ بات کہاں
ǁ: جو خدا کے نور کی ایک جھلک میں ہے
جو خداوند یشوع مسیح کے لہو میں ہے :ǁ

Your name is above all names

Your love is above all else

𝄆 There is none beside you

There is none like you 𝄇

تیرا نام، تیرا نام، تیرا نام

سب سے اونچا ہے یشوع نام (یشوع نام)

تیرا نام، اونچا نام، یشوع نام

سب سے پیارا ہے یشوع نام

© Viju Bhai Hyderabadi

# مُبارک

1 ||: اے خدا سے ڈرنے والو
اب گناہ سے توبہ کر لو
وہ تمہارے لئے ہی سولی پر چڑھا
وہ مر کر پھر سے جی اُٹھا ہے
یقین نہ آئے تو جا کے پوچھو
وہ قبر آج تک خالی ہے کیوں پڑا :||

> ||: آسمان خوش ہے
> سمندر بھی مست ہے
> ہَوا بے خوف ہے
> زمین بے تاب ہے :||
> کیونکہ مسیحا آنے والا ہے

میرے ساتھ ناچو، نیا گیت گاؤ
کیونکہ اُس کا نام مُبارک ہے
وہ وعدے کا پکّا ہے، تجھے لینے آئے گا
کیونکہ اُس کا نام مُبارک ہے،
مُبارک ہے، مُبارک ہے

[rap]

2 دیکھو وہ بادلوں کے ساتھ آنے والا ہے
ہر ایک آنکھ اُسے دیکھنے والی ہے
جو بھی اُسے مارا تھا، وہ بھی اُسے دیکھیں گے
اُس کے سبب سے سارے چھاتیں پیٹیں گے
(بے شک، بے شک، آمین، آمین)
خداوند خدا وہ جو ہے، وہ جو تھا، وہ جو آنے والا ہے
یعنی سروشکتیمان خدا فرماتا ہے

مَیں ہی الفا اور مَیں ہی اومیگا ہوں

||: دیکھو وہ بادلوں کے ساتھ آنے والا ہے :||

||: آسمان خوش ہے
سمندر بھی مست ہے
ہَوا بے خوف ہے
زمین بے تاب ہے :||
کیونکہ مسیحا آنے والا ہے

میرے ساتھ ناچو، نیا گیت گاؤ
کیونکہ اُس کا نام مُبارک ہے
وہ وعدے کا پکّا ہے، تجھے لینے آئے گا
کیونکہ اُس کا نام مُبارک ہے،
مُبارک ہے، مُبارک ہے

© Viju Bhai Hyderabadi

# برسا

1 دل میں فریاد لے کے آیا ہوں
جیسا بھی ہوں ویسے آیا ہوں
گناہ کے بوجھ تلے دبا ہوں
مَیں گر رہا ہوں، بکھر رہا ہوں
‖: مجھے تھام لے، اب سنبھال لے :‖

برسا، برسا، برسا تیرے کرم کو
برسا، برسا، برسا تیرے رحم کو
برسا، برسا، برسا روح کے شعلوں کو
‖: برسا، برسا، اب نہ ترسا :‖

2 اب تیرے لئے جینے کی خواہش ہے
تیرا بن کے رہوں یہ میری آرزو ہے
یہ آگ جو تُو نے لگایا ہے
اِس آگ کو بُجھنے نہ دے
مجھے راکھ بننے نہ دے

برسا، برسا، برسا تیرے کرم کو
برسا، برسا، برسا تیرے رحم کو
برسا، برسا، برسا روح کے شعلوں کو
‖: برسا، برسا، اب نہ ترسا :‖

‖: تُو جیسے قبر سے جی اُٹھا
ویسے مَیں بھی جی اُٹھوں :‖ ×4
‖: تیرے حوالے اب میری جان ہے :‖

برسا، برسا، برسا تیرے کرم کو
برسا، برسا، برسا تیرے رحم کو
برسا، برسا، برسا روح کے شعلوں کو
||: برسا، برسا، اب نہ ترسا :||

© Viju Bhai Hyderabadi

# میری ہر سانس

(start 00:01-04:32 min)

||: اے خدا، مَیں تیرا گنہگار ہوں
مَیں تیرے قہر کا حق دار ہوں :||
||: کر دے مجھے اب معاف خدا
مَیں نے مانا مسیح کو اپنا خدا :||
||: میری ہر سانس میں اب تُو ہی تُو بسے :|| ×4

© Viju Bhai Hyderabadi

# وہ قبر سے جی اُٹھا

1 قبر میں اب بند ہے
یشوع میرا مسیح
دن کا ہے انتظار
میرے مسیحا کو

وہ قبر سے پھر جی اُٹھا
اپنے دشمن کو کر کے ہرا
وہ ہرا کے اندھیرے کو زندہ ہوا
اپنے لوگوں کے ساتھ صدہا راج کرے
جی اُٹھا، جی اُٹھا ہللویاہ مسیح جی اُٹھا

2 بے کار ہیں وہ پہرا دیئے
یشوع کی قبر کو
بے کار ہیں قبر کو بند کیا
میرے مسیحا کی

وہ قبر سے پھر جی اُٹھا
اپنے دشمن کو کر کے ہرا
وہ ہرا کے اندھیرے کو زندہ ہوا
اپنے لوگوں کے ساتھ صدہا راج کرے
جی اُٹھا، جی اُٹھا ہللویاہ مسیح جی اُٹھا

3 موت کچھ نہ بگاڑ سکا

میرے یشوع مسیحا کا

زنجیروں کو توڑ دیا

میرا مسیح

وہ قبر سے پھر جی اُٹھا

اپنے دشمن کو کر کے ہرا

وہ ہرا کے اندھیرے کو زندہ ہوا

اپنے لوگوں کے ساتھ صدہا راج کرے

جی اُٹھا، جی اُٹھا ہللویاہ مسیح جی اُٹھا

© Viju Bhai Hyderabadi

# تعریف کروں

(start 04:35-10:06min)

||: تعریف کروں میرے خداوند کی
نغمے گاؤں میرے مسیحا کے :||
ہللویاہ، ہللویاہ، گاؤ ہللویاہ، ہللویاہ

1 ||: میرے گناہ کے قرض کو
تُو نے صلیب پہ اُسے چُکا دیا
میرے اُس موت کو
اُسے اپنا کے تُو خود قربان ہوا :||
ہللویاہ ہللویاہ، گاؤ ہللویاہ، ہللویاہ

||: تعریف کروں میرے خداوند کی
نغمے گاؤں میرے مسیحا کے :||
ہللویاہ، ہللویاہ، گاؤ ہللویاہ، ہللویاہ

2 ||: معاف کر مجھ گنہگار کو
اپنا بیٹا تُو نے بنا لیا
تیری بادشاہی میں
ہمیشہ کی زندگی سے تُو نے بخش دیا :||
ہللویاہ ہللویاہ، گاؤ ہللویاہ، ہللویاہ

||: تعریف کروں میرے خداوند کی
نغمے گاؤں میرے مسیحا کے :||
ہللویاہ، ہللویاہ، گاؤ ہللویاہ، ہللویاہ

© Viju Bhai Hyderabadi

# بڑھتے چلو

(start 15:12-19:10 min)

1 گُنہگار سے نہ ڈرو
بُرا کرنے والوں سے نہ جلو
پتّوں کی طرح وہ مُرجھا جائیں گے
گھاس کی طرح وہ بگڑ جائیں گے
اپنی آنکھوں کو خدا پہ لگائے رکھو
وہ تمہارے قریب ہے اگر تم اُسے پہچان سکو، پہچان سکو

بڑھتے چلو، اُس کے پیار کو بڑھتے چلو
بڑھتے چلو، صلیب کی داستان کو بڑھتے چلو
بڑھتے چلو، خالی قبر کے واقعہ کو بڑھتے چلو
بڑھتے چلو، خوش خبری کو بڑھتے چلو

2 خدا پہ بھروسا رکھو
اور نیکی کرتے چلو
سچائی اور انصاف کو
اپنا دوست بناتے چلو
خدا کی محبت کو
تم اَوروں سے بڑھتے چلو

بڑھتے چلو، اُس کے پیار کو بڑھتے چلو
بڑھتے چلو، صلیب کی داستان کو بڑھتے چلو
بڑھتے چلو، خالی قبر کے واقعہ کو بڑھتے چلو
بڑھتے چلو، خوش خبری کو بڑھتے چلو

3 ہر کام تم خدا کے لئے ہی کرو

تھام کے اُس کی طاقت پر غور کرو

ساری کائنات کو بنانے والا

وہ تمہیں بھی بنایا ہے

تم خود کے لئے نہیں

بلکہ اُس کے لئے جیا کرو

> بڑھتے چلو، اُس کے پیار کو بڑھتے چلو
>
> بڑھتے چلو، صلیب کی داستان کو بڑھتے چلو
>
> بڑھتے چلو، خالی قبر کے واقعہ کو بڑھتے چلو
>
> بڑھتے چلو، خوش خبری کو بڑھتے چلو

© Viju Bhai Hyderabadi

# پراتھنا سن لے

یشوع مسیح میری پراتھنا سن لے
مجھ کو اپنا بنا لے
تیرے چرنوں میں مَیں پڑا ہوں
مجھ کو گلے سے لگا لے

‖: تیرا ہوں، تیرا ہی رہوں گا
تجھ پر اپنی جان بھی دوں گا :‖
تجھ پر اپنی جان بھی دوں گا

یشوع مسیح میری پراتھنا سن لے
مجھ کو اپنا بنا لے
تیرے چرنوں میں مَیں پڑا ہوں
مجھ کو گلے سے لگا لے

1 ‖: پاپ کے دلدل میں مَیں پھنسا تھا

شاپ کی کیچڑ میں لپٹا تھا :||

||: پر تجھ کو پیار مجھ پر آیا

شُدھ کِیا تیرے رکت کی دھارا :||

شُدھ کِیا تیرے رکت کی دھارا

> یشوع مسیح میری پراتھنا سن لے
> مجھ کو اپنا بنا لے
> تیرے چرنوں میں مَیں پڑا ہوں
> مجھ کو گلے سے لگا لے

2 ‖: اندھیاری راہوں میں چلا تھا

ٹھوکر کھا کر مَیں گر جاتا :‖

‖: پر تجھ کو پیار مجھ پر آیا

راہ دکھائی تیرے نام کی جیوتی :‖

راہ دکھائی تیرے نام کی جیوتی

یشوع مسیح میری پرارتھنا سن لے

مجھ کو اپنا بنا لے

تیرے چرنوں میں مَیں پڑا ہوں

مجھ کو گلے سے لگا لے

‖: تیرا ہوں، تیرا ہی رہوں گا

تجھ پر اپنی جان بھی دوں گا :‖

تجھ پر اپنی جان بھی دوں گا

یشوع مسیح میری پراتھنا سن لے
مجھ کو اپنا بنا لے
تیرے چرنوں میں مَیں پڑا ہوں
‖: مجھ کو گلے سے لگا لے :‖ 3×

© Viju Bhai Hyderabadi

# ستُتی کروں

کوئی نہیں، کوئی نہیں، کوئی نہیں
کوئی نہیں کوئی نہیں ہے تیرے جیسا
آگے بھی کوئی نہیں ہو گا
بیتی باتیں سب چھوڑوں
جیسے بھی بس میں آؤں

1 کوئی نہیں ہے تیرے جیسا
آگے بھی کوئی نہیں ہو گا
بیتی باتیں سب چھوڑوں
جیسے بھی بس میں آؤں

ستُتی کروں، ستُتی کروں، ستُتی کروں تیری
ستُتی کروں، ستُتی کروں، ستُتی کروں کھُل کے

2 اندھیرا چاروں اور تھا

یشوع دیا اُجیالا

راہوں میں اُس کے چلتا رہوں

نیا جیون ہے یہ میرا

ستُتی کروں، ستُتی کروں، ستُتی کروں تیری
ستُتی کروں، ستُتی کروں، ستُتی کروں کُھل کے

‖: سر پہ کانٹوں کا کِریٹ

ہاتھوں میں اُس کے کیل

پھر بھی دل میں پیار تھا

تاکہ مَیں جی سکوں :‖

‖: ستُتی کروں، ستُتی کروں، ستُتی کروں تیری
ستُتی کروں، ستُتی کروں، ستُتی کروں کُھل کے :‖

© Viju Bhai Hyderabadi